# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Dated : 31 August 2026**

**Time : 12:30 PM**

Opening

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

وزیر اعظم دورہ

وزیر اعظم نریندر مودی کرغستان کے 2 روزہ دورے پر بشکیک پہنچ گئے ہیں۔ ہوائی اڈے پر وہاں کی کابینہ کے چیئرمین نے اُن کا والہانہ استقبال کیا۔

کرغستان کے دورے کے پہلے دن وزیر اعظم 26 ویں SCO اجلاس کے حاشیے پر SCO لیڈروں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ وزیر اعظم کئی دیگر پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے۔ نریندر مودی کل SCO اجلاس سے خطاب کریں گے۔

ازبکستان

اس سے پہلے وزیر اعظم نریندر مودی نے ازبکستان کا دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل کیا۔ وزیر اعظم نے وہاں کے صدر کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی اور دونوں ملکوں کے درمیان اہم شراکت داری کے ساتھ ساتھ رشتوں کو مزید مستحکم کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دورے کے دوران دونوں ملکوں نے 11 مفاہمت ناموں پر دستخط کئے۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے شری امرناتھ جی شرائن بورڈ سیول انتظامیہ، نیم فوجی دستوں، جموں وکشمیر پولیس، بی آر او کے افسروں کے علاوہ طبی پیشہ وروں نیز خدمات مہیا کرانے والوں کی عزت افزائی کی ہے۔سرینگر میں اس تعلق سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ یاترا مشکلات کو فرائض میں، چلینجوں کو مواقعوں میں اور خدمات کو روحانی اقدار میں تبدیل کرنے کے منظم عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

----LG----

پی ایم من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سالانہ شری امرناتھ یاترا کے دوران اس بار سوچھ بھارت ابھیان کے نظریے کو تقویت بخشتے ہوئے یاتریوں نے مقامی اہلکاروں کے ساتھ مل کر کوڑا کرکٹ جمع کرکے یاترا کو ماحول دوست بنانے کی مثال قائم کی ہے۔وزیراعظم نے ان باتوں کا اظہار کل اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے دوران مختلف موضوعات پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔

-----PM----

امت شاہ خراج

وزیر داخلہ امت شاہ نے سابق صدر اور بھارت رتن ڈاکٹر پرنب مکھرجی کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ نے سابق صدر کو ایک قابل اور منتظم اسکالر قرار دیا، جنہوں نے اپنی زندگی کے دوران قوم کی بہبودی کیلئے بے مثال کام کیا ہے۔

سیتارمن

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ بھارت مالی سال **2026.27** کے دوران سات فیصد کی ترقی حاصل کرے گا۔شکاگو امریکہ میں بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت نے عالمی سطح پر حالات میں غیر یقینیت اور سپلائی چین نظام میں خلل کے باوجود شرحِ نمو کی رفتار برقرار رکھی۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ بہتر طبی سہولیات عام لوگوں تک پہنچانا سرکار کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان باتوں کا اظہار وزیر موصوفہ نے امام حسین سپر سپیشلٹی ہسپتال بمنہ سرینگر میں ریڈیالوجی شعبے میں کئی طبی یونٹوں کا افتتاح کرنے کے دوران کیا۔

انہوں نے اس طبی ادارے میں دستیاب سہولیات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس ادارے نے عام لوگوں تک صحت خدمات پہنچانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

فلم فیسٹیول

جموں وکشمیر میں **7** ستمبر سے **10** ستمبر تک منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹیول کے کامیاب انعقاد کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

اس سلسلے میں صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے **SKICC** سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران فیسٹول کیلئے جاری تیاریوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

صوبائی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ تمام تر ضروری اقدامات مقررہ وقت پر مکمل کریں، تاکہ یہ فلم فیسٹول خوش اسلوبی کے ساتھ منعقد کیا جاسکے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ